تاریخ تفسیر و مفسرین

تاریخ تفسیر ــــــ اقسام تفسیر ــــــ اہم کتب تفسیر

تالیف

غلام احمد حریری مرحوم

ایم۔اے عربی (۱)، ایم۔اے علوم اسلامیات (۱)، ایم۔او۔ایل (عربی)

فاضل السنہ شرقیہ ــــــ فاضل درس نظامی

صدر شعبہ علوم اسلامیہ
زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

ناشر

ملک سنز پبلشرز ۰ کارخانہ بازار ۰ فیصل آباد پاکستان

فون نمبر 644375

(۱) کلبی کی روایت تمام محدثین کے نزدیک متروک ہے۔

(۲) وہ ثقہ نہیں۔

(۳) اس کی روایت لکھنے کے قابل نہیں ہوتی۔

(۴) وہ حدیثیں وضع کیا کرتا ہے۔ (التفسیر معالم حیاتہ، ص ۹)

کلبی سے روایت کرنے والوں میں محمد بن مروان سُدّی الصغیر کا نام بہت مشہور ہے۔ محدثین اس کو واضعین حدیث میں شمار کرتے اور متروک الحدیث قرار دیتے ہیں۔

جلال الدین سیوطی فرماتے ہیں:-

"اگر کلبی کی سند کے ساتھ سُدّی الصغیر کو بھی شامل کر لیا جائے تو یہ سند "سلسلۃ الکذب" (جھوٹ کی لڑی) تصور کی جائے گی۔" (الاتقان، ج ۲ - ص ۱۸۹)

امام سیوطی مزید لکھتے ہیں:

"کلبی متہم بالکذب ہے۔ جب وہ بیمار پڑا تو اپنے اصحاب وتلامذہ سے کہا "میں نے جو کچھ بھی بروایت ابوصالح بیان کیا ہے وہ جھوٹ ہے۔" (الدر المنثور، ج ۶ - ص ۴۲۳)

کلبی کے ضعیف راوی ہونے کے باوجود اسی قسم کے ضعیف یا اس سے بھی ضعیف تر راوی اس کے تفسیری اقوال نقل کرتے ہیں۔ مثلاً محمد بن مروان جس کو سُدی الصغیر کہا جاتا ہے سخت ناقابل اعتماد راوی ہے اور وہ کلبی سے روایت کرتا ہے۔ علاوہ ازیں ثعلبی اور واحدی بھی کلبی سے روایت کرتے ہیں

علاوہ ازیں اور بھی متعدد طرق واسانید ہیں جن کے ذریعہ حضرت ابن عباس کے تفسیری اقوال نقل کیے جاتے ہیں۔ مگر اختصاراً ان کو نظر انداز کر کے صرف صحیح ترین اور ضعیف ترین سند پر اکتفاء کیا ہے۔

ابن عباسؓ کی جانب منسوب تفسیر کی قدر وقیمت:

ایک ضخیم تفسیر ابن عباسؓ کی جانب منسوب ہے جو مصر میں متعدد مرتبہ "تنویر المقباس من تفسیر ابن عباس" کے نام سے چھپ چکی ہے۔ اس کے جامع محمد بن یعقوب فیروز آبادی شافعی مصنف القاموس المحیط ہیں۔ اس کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ابن عباس سے جو اقوال بھی اس کتاب میں نقل کیے گئے ہیں ان کا مدار وانحصار محمد بن مروان سدی الصغیر کی روایت از محمد بن سائب کلبی از ابوصالح از ابن عباس پر ہے۔ ہم اس سند کی قدر وقیمت قبل ازیں واضح کر چکے ہیں۔